نیوز ریلیز

# بچوں کی دیکھ بھال کی جگھوں پر کھانے کی حفاظت کو بڑھانا

29 جولائی، 2024ء میڈیا انکوائریز

## البرٹا کی حکومت بچوں کی دیکھ بھال کی لائسنس یافتہ سہولیات میں بچوں کی صحت اور حفاظت کے تحفظ کیلئے تجاویز پر عمل کر رہی ہے۔

پچھلے موسمِ خزاں میں، کیلگری میں متعدد لائسنس یافتہ بچوں کی دیکھ بھال کی سہولیات کو آنتوں کے جراثیم ای کولائی (E. coli) کے خوفناک پھیلاؤ (outbreak)کا سامنا کرنا پڑا تھا، جو صوبے کی تاریخ میں سب سے بڑا تھا۔ جوابی اقدام کے طور پر، البرٹا کی حکومت نے فُوڈ سیفٹی اور لائسنس یافتہ سہولیات کی بنیاد پر چائلڈ کیئر ریویو پینل (جائزہ) قائم کیا تھا تاکہ اس واقعہ کے بارے میں حالات کا مکمل جائزہ لیا جائے اور اسے دوبارہ وقوع پذیر ہونے سے روکنے کے طریقے تجویز کئے جا سکیں۔

پینل کے سات مہینے کے جائزے کے نتیجے کے طور پر ایک حتمی رپورٹ تیار کی گئی ہے جس میں 12 بنیادی تجاویز اور 27 ذیلی تجاویز شامل ہیں۔ تجاویز کا مرکز تین اہم موضوعات ہیں:

- غذا کی حفاظت کی ایسی ثقافت کو پروان چڑھانا جو بچوں کیلئے اعلٰی معیار، حفاظت اور صحت مند تعلیمی ماحولیات کی تائید کرتی ہو
- غذا کی حفاظت کیلئے پبلک پالیسی، قانون سازی اور معائنے کے نظام
- نظام کی صف بندی اور انضمام

جائزہ لینے والے پینل کا خیال ہے کہ یہ تجاویز غذا کی حفاظت کا نظام تیار کرنے کیلئے مُفید ہیں، جو قابلِ بھروسہ اور تابع احتساب ہو اور وہ خاندانوں اور ان کے بچوں کے گرد مرکوز ہو۔

"پچھلے سال ای کولائی (E. coli) کے پھیلاؤ نے خاندانوں پر خوفناک اثر ڈالا، اور ہم اس بات کو یقینی بنانے کیلئے پُر عزم ہیں کہ ہمارے صوبے میں اس جیسا واقعہ دوبارہ وقوع پذیر نہ ہو۔ ہم نے جائزہ لینے والا جو پینل قائم کیا ہے اس نے وباء کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے اہم کام کیا ہے تاکہ اسی طرح کی وباء کے پھیلاؤ سے بچاؤ کیلئے تجاویز فراہم کی جائیں۔ ہماری حکومت کا ارادہ ہے کہ ہم ہر اس تجویز پر عمل کریں جس سے ہم بچوں کی حفاظت کر سکیں اور نظام پر اعتماد کو بحال کر سکیں۔"

*ڈینیئل اسمتھ، پریمیئر (Danielle Smith, Premier)*

البرٹا کی حکومت پینل کی رپورٹ کو قبول کر چکی ہے اور وہ تجاویز پر عمل کرنے کیلئے کام کرنا شروع کر دے گی، بشمول واضح توقعات اور پبلک ہیلتھ کے معائنوں کے طریقہ کار کا ایک فریم ورک قائم کرنا۔ مثال کے طور پر، بچوں کی دیکھ بھال کی سہولیات/کھانے کی تقسیم والی

سہولیات پر معائنوں کی کثرت کو بڑھانے اور بچوں کی دیکھ بھال والی سہولیات میں جوابی اقدام کے اوقات میں بہتری لانے کیلئے پہلے ہی سے کام جاری ہے جہاں غذا کے تحفظ میں خدشات پیدا ہوئے ہیں۔

"جائزہ لینے والے پینل کی مہارت سے فائدہ اٹھا کر اور متاثرہ خاندانوں اور اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ تعاون کرکے، ہم نے بچوں کی دیکھ بھال کی لائسنس یافتہ سہولیات میں غذا کی حفاظت کے نئے معیارات کی بنیاد رکھنا شروع کر دی ہے۔ یہ کام البرٹا کے بچوں کی دیکھ بھال کے نظام پر عوام کا اعتماد بحال کرنے میں مدد دے گا اور والدین کو حوصلہ اور خود اعتمادی فراہم کرے گا کہ ان کے بچے محفوظ ہاتھوں میں ہیں۔"

*ایڈری آنا لا گرینج (Adriana LaGrange)، وزیرِ صحت*

ان تجاویز پر عمل کرنے کیلئے بھی منصوبہ بندی جاری ہے جس کیلئے تمام لائسنس یافتہ بچوں کی دیکھ بھال فراہم کرنے والوں کو والدین کے جائزہ لینے کیلئے اپنی نہایت تازہ ترین پبلک ہیلتھ کے معائنوں کی رپورٹوں کو نمایاں طور پر آویزاں کرنے کی ضرورت ہے۔ یہ اس بات کو یقینی بنانے میں مدد دے گا کہ والدین اس بات کو سمجھتے ہوں کہ انہوں نے اپنے بچوں کی دیکھ بھال کی سہولت پر کھانے کی حفاظت کے بارے میں خدشات کی اطلاع کیسے دینی ہے۔

"ہر روز، البرٹا کے والدین بچوں کی دیکھ بھال فراہم کرنے والوں پر اپنے بھروسے کا اظہار کرتے ہیں۔ اس رپورٹ میں دی گئی تجاویز کے ذریعے، ہم اس بھروسے کو دوبارہ قائم کرنا شروع کر سکتے ہیں جو ای کولائی (E. coli) کے پھیلاؤ کے خوفناک اثرات کی وجہ سے اُٹھ گیا تھا۔ ہم غذا کے تحفظ کی ثقافت کو قائم کرنے کیلئے پُرعزم ہیں، جو بچوں کی حفاظت اور فلاح و بہبود کو یقینی بنانے پر مرکوز ہے، تاکہ والدین یہ جانتے ہوئے کہ ان کے بچے محفوظ ہیں اور ترقی کر رہے ہیں، اسکولوں یا اپنے کاموں پر جا سکیں۔"

*مَیٹ جونز (Matt Jones)، ملازمتوں، معیشت اور تجارت کے وزیر*

جبکہ ایسی تجاویز موجود ہیں جنہیں فوری طور پر لاگو کیا جا سکتا ہے، دیگر کو وقت کے ساتھ ساتھ مرحلہ وار لاگو کیا جائے گا، بشمول قانون سازی میں ممکنہ تبدیلیاں۔ اضافی طور پر، کچھ تجاویز کیلئے مزید تجزیے اور خاندانوں، بچوں کی دیکھ بھال کی سہولیات، لائسنس یافتہ فُوڈ اسٹیبلشمینٹس اور فُوڈ سروسز انڈسٹریز کے ساتھ مزید مشغولیت کی ضرورت ہوگی۔ البرٹا کی حکومت جائزہ لینے والے پینل کی طرف سے دی گئی باقی ماندہ تجاویز کا تجزیہ کر رہی ہے۔

## پھیلاؤ کی تفتیشی رپورٹ

ای کولائی (E. coli) کے پھیلاؤ کے دوران، البرٹا ہیلتھ سروسز نے ایک تفتیش کی ابتداء کی تھی جس کا مقصد فوری طور پر قابو پانے کے اقدامات سے آگاہ کرنا، اضافی کیسوں کو روکنا اور پھیلاؤ کے ماخذ کا تعین کرنا تھا۔ جب پھیلاؤ ختم ہوا، تو اے ایچ ایس نے ماخذ کی تفتیش جاری رکھی۔

متاثرہ والدین، ڈے کیئر چلانے والوں اور مرکزی باورچی خانے کے عملے کے ساتھ کئی ماہ مشغول رہنے اور ڈیٹا اکٹھا کرنے کے بعد، مرکزی باورچی خانے سے نکلنے والا ایک کھانا معائنے کا ذریعہ ہونے کی وجہ سے انتہائی مشکلات کے ساتھ سامنے آیا تھا۔ مورخہ 29 اگست، 2023ء کو دوپہر کے کھانے میں پیش کئے جانے والے بڑے گوشت کے ٹکڑے، ان لوگوں کیلئے کھانے کی ممکنہ چیز تھی جس میں ای کولائی (E. coli) شامل تھا، جو معمول کے مینو سے کھانا کھاتے تھے۔

ان لوگوں کیلئے بھی جنھوں نے اسپیشل مینو سے کھانا کھایا (جس میں ڈیری کی مصنوعات کے بغیر، گلوٹین کے بغیر یا سبزی)، ممکنہ طور پر آلودگی کا ماخذ 29 اگست کے دوپہر کے کھانے کے دوران پیش کیا گیا، لیکن ٹیسٹ کئے جانے والے کھانوں کے نمونوں کیلئے بچے کھچے کھانے کی غیر موجودگی کی وجہ سے صحیح ماخذ کا تعین نہیں کیا جا سکا۔

البرٹا ہیلتھ اور پبلک ہیلتھ ایجینسی آف کینیڈا (پی ایچ اے سی) نے اے ایچ ایس کی پھیلاؤ کی تفتیشی رپورٹ کا جائزہ لیا ہے۔

## فوری حقائق

- مورخہ 4 ستمبر، 2023ء کو، البرٹا ہیلتھ سروسز (اے ایچ ایس) نے کیلگری میں مشترکہ باورچی خانے سے منسلک 11 لائسنس یافتہ سہولت پر مبنی بچوں کی دیکھ بھال کی سہولیات میں E. coli O157:H7 (STEC) پیدا کرنے والے شیگا ٹاکسن (Shiga toxin) کے پھیلنے کا اعلان کیا۔
- مورخہ 24 اکتوبر، 2023ء کو، اے ایچ ایس نے پھیلاؤ کے ختم ہونے کا اعلان کیا۔ یہ پھیلاؤ کُل 51 دنوں تک جاری رہا اور اس نے بچوں کی دیکھ بھال کی کُل 17 لائسنس یافتہ سہولیات کو متاثر کیا، جن میں اصل 11 جگہیں اور اضافی چھ سیکنڈری جگہیں شامل ہیں۔
- اکتوبر، 2023ء میں، البرٹا کی حکومت نے اس پھیلاؤ کے جواب میں غذا کے تحفظ اور لائسنس یافتہ سہولت پر مبنی چائلڈ کیئر جائزے کے پینل کے ممبران کی تقرّری کی۔
- جائزے کا پینل، جس میں لائسنس یافتہ سہولت پر مبنی بچوں کی دیکھ بھال، فوڈ سروس اسٹیبلشمینٹس اور پبلک ہیلتھ اور خوراک کی حفاظت کے بہترین طریقوں کے بارے میں علم رکھنے والے ممبران شامل تھے، جنھوں نے 2 نومبر، 2023ء کو باضابطہ طور پر اپنا کام شروع کر دیا۔
- پینل کو لائسنس یافتہ بچوں کی دیکھ بھال کی سہولیات اور ان کی خدمت کرنے والے باورچی خانے میں غذا کی حفاظت کا جائزہ لینے کا کام تفویض کیا گیا۔ اس میں *پبلک ہیلتھ ایکٹ*، فُوڈ ریگولیشن، انسٹیٹیوشنز ریگولیشن، *ارلی لرننگ اینڈ چائلڈ کیئر ایکٹ* اور ریگولیشن، اور قابلِ اطلاق معیارات، رہنما خطوط اور طریقہ ہائے کار شامل تھے۔
- اس کام میں مدد کیلئے، جائزے کے پینل نے متاثرہ والدین اور خاندانوں، متاثرہ بچوں کی دیکھ بھال فراہم کرنے والوں، موضوع کے معاملات کے ماہرین، تنظیموں اور ایسوسی ایشنوں اور عوام سے آراء لینے کیلئے مشغولیت کے اجلاسوں کا سلسلہ بھی منعقد کیا۔
- جائزہ لینے والے پینل کے ممبران میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:
  - رِک ہینسن (Rick Hanson)، سابق چیف آف پولیس، کیلگری پولیس سروسز
  - ڈاکٹر جیمز کیلنر (James Kellner)، ماہر امراض اطفال اور متعدی امراض کے ماہر، البرٹا چلڈرنز ہسپتال، اور پروفیسر، کمنگ اسکول آف میڈیسن، یونیورسٹی آف کیلگری
  - ڈاکٹر لِن میک مولن (Lynn McMullen)، پروفیسر ایمیریٹا (emerita) (ریٹائرڈ)، فیکلٹی آف ایگریکلچرل، لائف اینڈ انوائرمینٹل سائنس، یونیورسٹی آف البرٹا
  - لیسلی ایکینو (Leslie Echino)، مالک اور آپریٹر، اینابیلز کچن اینڈ بار
  - ٹائلر شاپکا (Tyler Shapka)، مالک، ہاپ سکاچ چائلڈ کیئر لیمیٹڈ
  - شینن ڈورم (Shannon Doram)، صدر اور سی ای او، وائی ایم سی اے کیلگری، ایسوسی ایشن سروسز

## متعلقہ معلومات

- ای کولائی (E. Coli) انفیکشنز کے بارے میں سیکھنا
- غذا کی حفاظت اور لائسنس یافتہ سہولت پر مبنی چائلڈ کیئر کے جائزے کا پینل
- البرٹا ہیلتھ سروسز پھیلاؤ (Outbreak) کی تفتیشی رپورٹ

## متعلقہ خبریں

- ای کولائی (E. coli) کے پھیلاؤ کا جائزہ لینے والے پینل کے بارے میں اَپ ڈیٹ (27 نومبر، 2023ء)
- حکومت ای کولائی (E. coli) کے پھیلاؤ سے نمٹنے کیلئے پینل کا آغاز کرتی ہے (27 ستمبر، 2023ء)

## ملٹی میڈیا

- نیوز کانفرنس دیکھیں

## میڈیا انکوائریز


### سَیم بلیکیٹ (Sam Blackett)

780-427-2251
پریس سیکریٹری، آفس آف دی پریمیئر

### اینڈریا اسمتھ (Andrea Smith)

780-427-3665
پریس سیکریٹری، ہیلتھ

### میریسا بریز (Marisa Breeze)

780-644-8554
پریس سیکریٹری، ملازمتیں، معیشت اور تجارت